PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE
PCB.COM.PK

وقار یونس چیمپئنز ون ڈے کپ میں لائنز کے مینٹور ہونگے

- یہ ٹورنامنٹ مستقبل کے اسٹارز کی شناخت میں مدد دے گا، وقار یونس

لاہور، 2 ستمبر 2024ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ کے ہال آف فیم وقار یونس چیمپئنز ون ڈے کپ میں لائنز کے مینٹور مقرر کیے گئے ہیں۔

چیمپئنز ون ڈے کپ 12 سے 29 ستمبر تک اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلا جائے گا۔

وقار یونس نے 17 ٹیسٹ اور 62 ون ڈے میچوں میں پاکستان کی کپتانی کی ہے۔ وہ 50 اوورز کے تین ورلڈ کپ میں کھیلے؛ تیز ترین 400 ون ڈے وکٹیں لینے کا ریکارڈ رکھتے ہیں۔ وہ ون ڈے انٹرنیشنل میں بہترین بولنگ 36 / 7 وکٹ کے ساتھ کپتانوں کی فہرست میں سرفہرست ہیں۔ 1992 میں انہیں وزڈن کرکٹرز میں شامل کیا گیا۔

انہوں نے ٹیسٹ میچوں میں 373 اور ون ڈے انٹرنیشنل میں 416 وکٹیں حاصل کیں۔ فرسٹ کلاس کرکٹ میں ان کی وکٹوں کی تعداد 956 ہے۔ وہ پاکستان کرکٹ بورڈ اور آئی سی سی ہال آف فیم میں شامل ہیں۔

وقار یونس پاکستان کرکٹ ٹیم کے ہیڈ کوچ اور بولنگ کوچ کی حیثیت سے بھی ذمہ داریاں نبھا چکے ہیں۔
وقار یونس کا لائنز کا مینٹور بنائے جانے پر کہنا ہے کہ میں ایک بار پھر کھلاڑیوں کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرنے کے بارے میں پرجوش ہوں۔

یہ نیا کردار ایک تازہ چیلنج ہے جسے میں بڑے جوش و خروش سے قبول کرتا ہوں۔ کچھ انتہائی باصلاحیت کرکٹرز کے ساتھ کام کرنے کے موقع کے علاوہ مینٹور میں ایک خوبصورت متحرک مقابلہ نظر آئے گا کیونکہ ہم میں سے ہر ایک دوسروں کو پیچھے چھوڑنے کی کوشش کرے گا۔ یہ دوستانہ مقابلہ یقینی طور پر جوش اور شدت پیدا کرے گا۔ شائقین کو سترہ دنوں کے دوران ایک سنسنی خیز ٹورنامنٹ میں بہترین کرکٹ اور یادگار لمحات دیکھنے کو ملیں گے۔

وقار یونس کا کہنا ہے کہ چیمپئنز ون ڈے کپ کھلاڑیوں کے لیے اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے اور قومی انتخاب کے لیے اپنا دعویٰ کرنے کا ایک انمول موقع ہے۔ مجھے اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ ٹورنامنٹ ہمیں مستقبل کے اسٹارز کی شناخت میں مدد دے گا جو صحیح رہنمائی اور ترقی کے ساتھ آنے والے کئی سالوں تک ہمارے ملک کی خدمت کرسکتے ہیں۔ جہاں تک میرے کردار کا تعلق ہے، میں کوچنگ اسٹاف اور کھلاڑیوں دونوں کے ساتھ زیادہ سے زیادہ معلومات کا اشتراک کرنے کے لیے پرعزم ہوں۔

میرا مقصد ان کی مدد کرنا ہے کہ وہ مزید موثر اور پُراثر کھلاڑی بنیں تاکہ ہماری لائنز اور پاکستان کرکٹ ٹیم کے روشن مستقبل کو یقینی بنایا جاسکے۔

لائنز کے میچوں کا شیڈول (دن کا میچ صبح 9.30 بجے شروع ہوگا، ڈے نائٹ میچز دوپہر 3 بجے شروع ہوں گے):۔
13 ستمبر۔ بمقابلہ اسٹالینز۔ ڈے نائٹ۔
16 ستمبر۔ بمقابلہ پینتھرز۔ ڈے میچ۔
20 ستمبر۔ بمقابلہ وولوز ڈے نائٹ۔
22 ستمبر۔ بمقابلہ ڈولفنز۔ ڈے نائٹ۔

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4